ہیں، پہلے ہی بتا دیے ہیں۔ کوئی چاہے تو ان کی روشنی میں آغاز ہی سے بہترین معیار حاصل کرسکتا ہے۔ ضرورت یہ ہے کہ یہ کتاب جن کی ضرورت ہے، وہ اپنے کو اس سے بے نیاز نہ سمجھیں، اور اس سے استفادہ کریں۔ ایک ابتدائی باب میں ۱۲ عنوانات کے تحت تربیت کے بنیادی موضوعات کا اختصار سے بیان ہے۔ یہ کمی محسوس ہوتی ہے کہ یہ ساری تربیت، دنیا میں جو کام کرنے کے لیے حاصل کرنا ہے، یعنی اقامت دین، اس سے اسے مربوط نہیں کیا گیا ہے۔ شاید اسی لیے یہ ایک درسی کتاب کی طرح ٹھنڈی کتاب محسوس ہوتی ہے، جب کہ تربیت کے لیے گرمی کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ (م - س)

تعارف کتب

☆ **ادب کا اسلامی تناظر**، ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی۔ ناشر: اپلائیڈ پبلی کیشنز پرائیویٹ لمیٹڈ، ۳/۱۷۳۹ (بیسمنٹ) نیو کوہ نور ہوٹل، پٹوڈی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی-۱۱۰۰۰۲۔ [ادبی تنقیدی مجموعۂ مضامین۔ زیادہ تر تحریک ادب اسلامی سے متعلق۔ فلیپ: ابن فرید، عبدالمغنی۔ مقدمہ نگار ڈاکٹر سید عبدالباری کی رائے: ''اس مجموعے سے اسلامی تنقید کے سرمایے میں گراں قدر اضافہ ہوگا''۔ مصنف کرناٹک کے انجمن کالج بھٹکل کے صدر شعبہ اُردو ہیں۔ قبل ازیں متعدد تصانیف شائع کر چکے ہیں۔]

☆ **آرزو**، زاہد منیر عامر۔ ناشر: ٹرائیگان، راجا سنٹر، پہلی منزل، ایف ۲۲، مین بلیوارڈ، مین مارکیٹ، گلبرگ II، لاہور۔ صفحات: ۹۶ (جیبی تقطیع)۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [''آرزو'' پر دانش ورانہ انداز، دردمندانہ لہجے اور ادبی و انشائی اسلوب میں ایک گفتگو۔ زندگی کے بارے میں ایک مثبت رویہ رکھنا، آرزوؤں کا باقی رہنا، مقاصدِ زندگی کا تعین اور ان پر ارتکاز ضروری ہے۔ مصنف نوجوان استاد ہیں۔ اسلوب ان کا اپنا ہے مگر انداز ابوالکلامی ہے۔ نوجوانوں کے لیے ایک مفید کتاب اور تحفہ۔]

☆ **مسلمانوں کی نجات کا واحد راستہ**، محمد شریف چغتائی۔ ناشر: خود مصنف، غفور منزل، ۹ جان محمد روڈ، انارکلی، لاہور۔ صفحات: ۵۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [۱۵ویں صدی ہجری میں خلافتِ راشدہ کے قیام اور اصلاحِ احوال کے لیے انبیاے کرامؑ ہی کا طریق کار صحیح ہے اور وہ ہے: تجدید ایمان، کبیرہ گناہوں سے پرہیز، سنتِ نبویؐ کا اتباع، مالی بدعنوانیوں سے اجتناب۔ مصنف کی ایک تصنیف پندرھویں صدی ہجری میں خلافت راشدہ کا اقتصادی و سیاسی نظام کا تعارف ترجمان: ستمبر ۲۰۰۱ء میں شائع ہو چکا ہے۔]

☆ **آئے امریکا، بائے امریکا**، محمد صغیر قمر۔ پتا: مطبوعات، الاکرام بلڈنگ، مریڑ چوک، مری روڈ، راولپنڈی۔ صفحات: ۱۲۷۔ قیمت: ۱۴۰ روپے، ۵ ڈالر۔ [امریکہ کا ایک حالیہ، ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء سے قبل کا سفرنامہ۔ واقعات و تاثرات کا دل چسپ اور شگفتہ انداز اور رواں دواں اسلوب میں بیان۔ امریکہ اور امریکیوں کو سمجھنے کے لیے مفید، دور کے ڈھول سہانے۔]

☆ **معاشرتی علوم (مجلہ تحقیق)**، مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر محمد اسحاق منصوری۔ ناشر: پاکستان مجلس تحقیق برائے معاشرتی علوم، ایل ۲/۲۸۸۹ میٹروول ۳، سکیم ۳۳، کراچی-۷۵۳۳۰۔ صفحات: اردو ۹۱، انگریزی: ۸۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایک علمی تحقیقی مجلہ: تنظیم اساتذہ پاکستان کی قابل قدر پیش کش۔ اُردو اور انگریزی مقالات، معیاری، قابل مطالعہ اور علم ونظر میں اضافہ کرنے والے۔ پروف خوانی اور نظامِ اِملا پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔]